Tarjihaat
Volume: 1II
Issue: IX-X
ستمبر-اکتوبر ۲۰۲۳
Sept.Oct 2023
آن لائن ادبی رسالہ
ترجیحات
ISSN: 2583-0082

مرغوب اثر فاطمی

چندریان-3 جہدِ مسلسل

بندھ گیا سہرا "چندریان" کے سر
سائنس دانوں کی کاوشوں کو سلام
کُھلتے جائیں گے 'رازِ سر بستہ
آئیں گے جب خلاؤں سے پیغام

خواب شاہد بنے حقیقت کے
جہد نے عزم کے جو تھامے ہاتھ
سَر ہوئی پھر تو وادیء امکاں
فکر نے فہم کے جو تھامے ہاتھ

ذہن سازی کا سلسلہ ہے طویل
'روم' اک روز میں بنا تو نہ تھا
کامیابی پہ فخر ہے ہم کو
ویسے یہ معرکہ نیا تو نہ تھا

قصرِ شاہی کے گنبد و محراب
خِشتِ بنیا د کو بُھلا بیٹھے

Tarjihaat
Volume: 1II
Issue: IX-X
ستمبر۔اکتوبر ۲۰۲۳
Sept.Oct 2023
آن لائن ادبی رسالہ
ترجیحات
ISSN: 2583-0082

دل جلے جوشِ خود ستای میں

اپنے آجداد کو بُھلا بیٹھے

ہیں سوالات صدہا آن بوجھے

ہیں جوابات بھی کہیں موجود

کیوں نہ 'فرقان' سے رجوع کریں

ہو 'اثر' سہل منز لِ مقصود

علی گنج،روڈ نمبر 7
گیا، 823001,بہار
marghubasarfatmi@gmail.com
9431448749

***